© rasailojaraid.com

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی
جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# وہ فرید الدھر زیب بزمِ درویشاں گئے

بیادِ فقیہ العصر مرشد وقت شیخ المشائخ مفتی اعظم شیخ الحدیث
حضرت مولانا **مفتی محمد فرید** صاحب قدس سرہ
سابق رئیس دارالافتاء وشیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

اس جہانِ فانی سے اُف مفتیٔ دوراں گئے ۔ اک فقیہ النفس واللہ مرشد ذیشاں گئے
ان کی علمیت کا شہرہ چارسو عالم میں تھا ۔ باادائے ناز سوئے جنتِ رضواں گئے
زینتِ محراب ومنبر وجہ حسنِ خانقاہ ۔ وہ فرید الدھر زیب بزمِ درویشاں گئے
میکدۂ معرفت ان کا تھا دائم پرخمار ۔ آہ وہ ساقی وہ مستِ بادۂ عرفاں گئے
واقفِ اسرارِ قرآں جامع جملہ علوم ۔ آسمانِ آگہی کے نیر تاباں گئے
اک محدث بے بدل تھے فقہ میں تھے مجتہد ۔ قطب وقت وعکس فقرِ بوذر وسلماں گئے
رب نے بخشا تھا انہیں اعلیٰ مقامِ قربِ خویش ۔ کی دلوں پر بادشاہی ہائے وہ سلطاں گئے
مذہب نعماں پہ تھا ان کا تصلب بے مثال ۔ افتخارِ نقشبندی سلسلہ اے جاں گئے
استقامت کا ہمالہ صاحبِ عزم وکمال ۔ ہر طرف ماتم بپا وہ آیۂ رحماں گئے
منبع رشد و ہدیٰ زہد وتقی علم وعمل ۔ شاہدِ زیبا وہ رشک سطوتِ شاہاں گئے
تھا امام الزاہدیں شیخ المشائخ بالیقین ۔ داغ فرقت دے کے ہم کو شہر خاموشاں گئے
عبقریت جن کی تھی واللہ نمایاں مثلِ شمس ۔ کاخِ خاکی سے خدایا وہ عظیم انساں گئے
حضرتِ[1] غورغشتویؒ کے خاص تلمیذ فرید ۔ خواجہ[2] پنجاب کے ارشد تریں "جاناں" گئے
جاری وساری ہے کل عالم میں ان کا سیلِ فیض ۔ عالمِ ناسوت سے وہ چشمۂ حیواں گئے
لائق صد تعزیت ہم سب ہیں مولانا سمیع ۔ حسرتا قدسی صفت تھے وہ شہِ میراں گئے
ان کی تربت پر ہو فانی رحمتِ حق کا نزول ۔ وہ ہمارے درمیاں سے نعمتِ یزداں گئے

---

1۔ شاہ ولی اللہ سرحد شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غورغشتوی قدس سرہ ۔ 2۔ شیخ المشائخ خواجہ عبدالمالک صدیقی خانیوال

© rasailojaraid.com